www.KitaboSunnat.com

طرح معاشرتی اور اقتصادی میدانوں میں فضا تنگ و تاریک کر کے فساد انگیزی کے مرتکب ہوتے ہیں۔ لیکن جب آزادی کی ہوا چلے اور عوام کی اقتدار میں شرکت ہو وہاں ایسے واقعات نہ ہونے کے برابر ہیں۔

(4) مغرب میں اسلامی انتہاء پسندی کے خلاف جنگ کے نام پر جو لہر چل رہی ہے اس کے پس پردہ حقائق پر تاریک سائے تو پڑتے ہی ہیں تاہم اس سے بڑا مقصد یہ نظر آتا ہے کہ جب کھچڑی پک کر ٹھنڈی ہو جائے تو مڈل ایسٹ کو اسرائیل کے ساتھ پرامن بقائے باہمی اور صلح پر تیار کیا جائے اور اس طرح مغربی سازشوں کے خلاف ہر قسم کے جدوجہد کا خاتمہ کر دیا جائے جس میں پہلا نمبران اسلامی تحریکوں کا ہے جو اس علاقے میں صلح کی ایسی کارروائیوں کے منصوبے کے سامنے پل باندھے ہوئے ہیں۔ اس سازش کی بہت بڑی دلیل یہ ہے کہ اسرائیل کے وزیراعظم اسحٰق رابن نے اسلامی انتہاء پسندی کے خلاف مصر اور امریکہ کو مل کر منظم کوشش کرنے کی تجویز پیش کی ہے۔ کیا ہمارے مخلص رہنما اسلام کے خلاف اس خطرناک منصوبے کی گہرائیوں کا اندازہ کریں گے یا بغیر سوچ سمجھے مغربی پروپیگنڈے کے پیچھے ہی چلتے رہیں گے!؟

(اخذ و ترجمہ "الفرقان" کویت)

دامن کو تار تار کیے جا رہا ہوں میں

اشکِ وفا نثار کیے جا رہا ہوں میں
دیدِ جمالِ یار کیے جا رہا ہوں میں

ہستی کا اعتبار کیے جا رہا ہوں میں
خود کو گناہگار کیے جا رہا ہوں میں

تشریحِ نوبہار کیے جا رہا ہوں میں
دامن کو تار تار کیے جا رہا ہوں میں

کیوں دل کو بے قرار کیے جا رہا ہوں میں
کیوں آنکھ اشکبار کیے جا رہا ہوں میں

روزِ جزا کے غم میں گناہوں کی فکر میں
قلب و جگر فگار کیے جا رہا ہوں میں

اٹھنے لگی ہیں مجھ پہ زمانے کی انگلیاں
وہ راہ اختیار کیے جا رہا ہوں میں

ہاں منزلِ مراد تری رہ گزر پہ ہے
ظاہر وہ رہ گزار کیے جا رہا ہوں میں

تیرے ہر ایک حال کو آخر زوال ہے
تجھ پر یہ آشکار کیے جا رہا ہوں میں

پیشِ نگاہ جرم ہیں، یوم حساب ہے
رحمت کا انتظار کیے جا رہا ہوں میں

مولانا عبدالرحمٰن عاجز مالیرکوٹلوی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ